# صادق پبلک سکول

☆عمل صالح کرو اور کسی سے نہ ڈرو☆

4 ستمبر 2020ء

## سالانہ فیسیں اور ادائیگیاں 2021-2020

یہ دستاویز 2021-2020 کی سالانہ ٹیوشن اور بورڈنگ فیسوں اور اخراجات کے تخمینے کی وضاحت کے لیے ہے۔
سکول کی فیس سال کے حساب سے لی جاتی ہے اور والدین کی سہولت کے لیے اس کو تین اقساط (ٹرم کے حساب) میں وصول کیا جاتا ہے جو کہ ہر ٹرم کے آغاز میں ادا کرنا ہوتی ہے۔
2021-2020 کے سال کا آغاز التواء کا شکار ہو گیا ہے۔ لیکن ہم سال کی تکمیل کے حوالے سے پُر امید ہیں۔ جیسا کہ سکول کے دن پیر تا ہفتہ پڑھا کر پورے کیے جائیں گے۔ یہ اقدام اساتذہ اور طلبا کو مطلوبہ سکول کے دنوں میں نصاب کو مکمل کرنے میں مدد گار ثابت ہو گا۔

فیس کی تین اقساط مندرجہ ذیل تاریخوں کے مطابق ادا کی جائیں گی۔

قسط 1/ٹرم 1: 15 ستمبر تا 14 نومبر (53 دن)

قسط 2/ٹرم 2: 15 نومبر تا 30 جنوری (57 دن)

قسط 3/ ٹرم 3: 31 جنوری تا 31 مارچ (53 دن)

سکول کے قواعد کے مطابق فیس ہر ٹرم کے آغاز کے دس دن کے اندر ادا کرنا ہو گی۔

### واجب الادا اکاؤنٹس:

اگر والدین کو بروقت فیس ادا کرنے میں کوئی مشکل پیش آئے تو انہیں اس سلسلے میں پرنسپل کو بروقت آگاہ کرنا ہو گا تاکہ اس کا کوئی مناسب بندوبست کیا جا سکے۔ فیس کی ادائیگی میں غفلت قابلِ قبول نہیں ہو گی اور سکول کے قواعد کے مطابق معاہدہ ختم تصور کیا جائے گا اور طالب علم / طالبہ کا نام سکول سے ہمیشہ کے لیے خارج کر دیا جائے گا۔
بد قسمتی سے یہ بات تجربے میں آئی ہے کہ اکثر فیس وصول کرنے والے اداروں کی طرح ہمارے ہاں بھی کچھ والدین وقت پر فیس ادا نہیں کرتے۔ اس وقت بھی ہمارے پاس سو (100) سے زائد اکاؤنٹس ہیں جن کی ٹرم 3 (جنوری تا مارچ 2020) کی فیس واجب الوصول ہے۔ ان والدین کو بار بار یاد دہانی کرائی گئی لیکن وعدوں کے باوجود بھی فیس ادا نہیں کی گئی۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان طلبا کے نام سکول سے خارج کر دئے گئے ہیں۔ ان اکاؤنٹس کو قرضہ جات کی وصولی کے شعبے کے حوالے کر دیا گیا ہے۔